بسم الله الرحمن الرحيم

Im Namen Allahs, des Gnädigen, des Barmherzigen

Taleem & Tarbiyyat Klasse 2016/17

Nasirat-ul-Ahmadiyya Deutschland

Name: _____

Majlis: _____

Leitende Aufsicht زیرِ نگرانی

Atia Nuur Ahmad-Hübsch
Sadr Lajna Imaillah Deutschland

Nationale Sekretärin der Nasirat-ul-Ahmadiyya Deutschland
نیشنل سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ جرمنی

Asfa Mohammad

Verantwortliche Lehrplan-Erstellung اِنچارج

Amtul Mussawir
Sec Taleem Nasirat-ul-Ahmadiyya DE

Mitarbeiterinnen Lehrplan- Erstellung مواد کی تیاری

Imrana Ahmed - Jasmin Khokhar - Mahnaz Riffat -
Aisha Mansoor Chaudry - Sumera Jaan -
Amtul Waheed Khan

Übersetzung
ترجمہ

Rabia Anam Bhatti - Misbah Mahmood -
Sabahat Zaheer Tahir - Fareeda Tahir -
Tallat Shahzad

Korrekturlesen
پروف ریڈنگ

Dr. Amatul Raqeeb Nasira
Lubna Saqib

Titelblatt
ٹائٹل

Amreen Malik

Arbeitsblätter
ورک شیٹس

Mariam Hina Anwar - Seika Robina Akhtar -
Afshan Tul Bushra Asghar - Hira Khan - Madiha Ahmad

Wir danken insbesonders Imam Haider Ali Zafar Sahib

(Leitender Imam AMJ Deutschland) für die Unterstützung und Beratung.

Jazakomullah ahsanal jazah allen, die mitgeholfen haben.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نصاب تعلیمی وتربیتی کلاس 17/2016

ناصرات الاحمدیہ جرمنی

Lehrplan Taleem und Tarbiyyat Klasse 2016/17
Nasirat-ul-Ahmadiyya Deutschland



السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پیاری ناصرات! اِس نصاب میں ہم **حقوق اللہ** اور **حقوق العباد** کے بارے میں پڑھیں گے۔ آئیں پہلے ہم یہ سیکھتے ہیں کہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کا مطلب کیا ہے۔ مندرجہ ذیل مضمون آپکو موضوع کا تعارف کروائے گا۔ اِس میں سے پرچہ میں سوالات نہیں پوچھے جائیں گے۔

Assalam-o-Alaikum warahmatullahi wabarakatuhu,

Liebe Nasirat! In diesem Lehrplan werden wir über **Huquq-Allah** und **Huquq-ul-Ibaad** lernen. Bevor wir mit dem Lehrplan beginnen, lasst uns erfahren, was Huquq-Allah und Huquq-ul-Ibaad überhaupt bedeutet. Der folgende Text gibt eine Einführung in das Thema; aus diesem Text werden aber keine Fragen in der Prüfung gestellt.

موضوع کا تعارف – Einführungstext

حقوق اللہ اور حقوق العباد

قرآن مجید کی پہلی سورۃ کا نام سورۃ الفاتحہ ہے۔ اس کو "ام الکتاب" (قران کریم کی ماں) بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں ہمارا پیارا خدا اپنا تعارف کرواتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ۔

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بِن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

تمام حمد اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا ربّ ہے۔ بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔ جزا سزا کے دن کا مالک ہے۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے ہم مدد چاہتے ہیں۔ (سورہ فاتحہ، ترجمہ بیان فرمودہ از حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ)

اس بارہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

"سورۃ فاتحہ میں اس خدا کا نقشہ دکھایا گیا، جو قرآن شریف منوانا چاہتا ہے اور جس کو وہ دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے۔ چنانچہ اس کی **چار صفات** کو ترتیب وار بیان کیا گیا ہے۔ جو امہات الصفات کہلاتی ہیں۔ جیسے سورۃ فاتحہ اُم الکتاب ہے، ویسے ہی جو صفات اللہ تعالیٰ کی اس میں بیان کی گئی ہیں وہ بھی اُم الصفات ہی ہیں۔ اور وہ یہ ہیں **رب العالمین، الرحمن، الرحیم، مالک یوم الدین**۔ ان صفاتِ اربعہ پر غور کرنے سے خدا تعالیٰ کا گویا چہرہ نظر آجاتا ہے۔"

(از ملفوظات جلد اول صفحہ 125 تا 129)

Huquq-Allah und Huquq-ul-Ibaad

Die erste Sura im Heiligen Quran heißt Sura Al-Fâteha. Sie wird auch "UmmulKitaab" (Mutter des Quran) genannt. In dieser Sura stellt Allah sich vor.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ۔

"Im Namen Allahs, des Gnädigen, des Barmherzigen.
Aller Preis gehört Allah, dem Herrn der Welten, dem Gnädigen, dem Barmherzigen, dem Meister des Gerichtstages. Dir allein dienen wir, und zu Dir allein flehen wir um Hilfe. Führe uns auf den geraden Weg, den Weg derer, denen Du Gnade erwiesen hast, die nicht (Dein) Missfallen erregt haben und die nicht irregegangen sind."

Hadhrat Massih-e-Maud[AS] sagte über diese Sura:

"In der Sura Al-Fâteha wurde das Konzept Gottes vorgestellt, welches der Heilige Quran durchsetzen möchte und der Welt zeiget. Vier Seiner Attribute wurden hintereinander vorgestellt, welche als "UmhaatulSifaat" (Mutter aller Attribute Allahs) bezeichnet werden. So wie die Sura Al-Fâteha die Mutter des Quran ist, sind diese Attribute die Mutter aller Eigenschaften Allahs.
Diese Attribute sind folgende:
"RabbulAlameen", "Ar-Rahman", "Ar-Raheem", "MalikeYaumiddeen"
Wenn man sich diese Attribute genau betrachtet, sieht man sozusagen das Antlitz Allahs. " (Malfuzat, Kapitel 1, S. 125-129)

Unser Gott hat noch andere unzählige Eigenschaften. Eine ist, dass Er jeden mit Seinen Segnungen bereichert. Er ist ,,Shafi'', der Heiler. Wenn wir uns z.B. krank fühlen, schenkt Er uns Genesung. Er ist "Mujeeb" d.h. Er erhört die Gebete Seiner Geschöpfe. Wenn wir uns Ihm hingeben und Ihn um etwas bitten, lässt Er uns nicht mit leeren Händen gehen. Allein durch Gebete können wir unser angestrebtes Ziel erreichen. Unsere Anstrengungen allein können uns nicht erfolgreich machen, solange Allah es nicht will und unsere Gebete nicht erhört.	ہمارے خدا کی اور بھی بیشمار صفات ہیں۔ یہ بھی کہ وہ کسی کو بھی اپنی نعمتوں سے محروم نہیں رکھتا۔ وہ **شافی** ہے۔ جب ہم مختلف امراض میں مبتلا ہوتے ہیں تو خدا تعالیٰ ہی ہے جو ہمیں بیماری سے مکمل شفا دیتا ہے۔ **مجیب** ہے یعنی اپنے بندوں کی دعائیں قبول کرنے والا ہے۔ جب اُس کے بندے اُس کے حضور حاضر ہو کر اُس سے کچھ مانگتے ہیں تو وہ اُن کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا۔ دُعاؤں کے ذریعہ ہی ہم اپنی منزلِ مراد پاتے ہیں صِرف ہماری کوششیں ہی ہمیں کامیاب نہیں کر سکتیں جب تک خدا تعالیٰ نہ چاہے اور ہماری دُعاؤں کو قبول نہ کرے۔
Nun wissen wir, dass unser Herr, der Erschaffer des Universums ist und Der uns ohne Ihn überhaupt gebeten zu haben mit Seinen Segnungen bereichert hat, die unzählbar sind. Wir machen in unserem Leben alle viele Fehler, aber wenn wir aus reinem Herzen Ihn um Verzeihung bitten, verzeiht Er uns immer wieder. Deswegen sollten wir Ihm doch auch aufgrund all Seiner Gaben danken, indem wir Seine Gebote befolgen. Aber wie machen wir das? Dafür hat uns Allah zwei Wege gezeigt. Die Einhaltung der "Huquq-Allah" (Rechte Allahs) und "Huquq-ul-Ibaad" (Rechte der Mitmenschen)	اب ہمیں یہ معلوم ہو گیا ہے کہ ہمارا رب وہ ہے جو ساری کائنات کا پیدا کرنے والا ہے جس نے بن مانگے ہمیں بے شمار نعمتیں دی ہیں۔ جن کو ہم گِن بھی نہیں سکتے۔ ہم زندگی میں بہت غلطیاں کرتے ہیں مگر جب ہم سچے دل سے توبہ کریں تو وہ ہمیں بار بار معاف کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے اِن تمام فضلوں کے بدلے ہمیں بھی تو خدا تعالیٰ کے حکموں کو ماننا اور اُس کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ تو ہم یہ کیسے کریں؟ اللہ تعالیٰ نے اِس کے لئے ہمیں دو راستے دکھائے ہیں: حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی۔
Was bedeuten "Huquq-Allah" (Rechte Allahs) und "Huquq-ul-Ibaad" (Rechte der Mitmenschen)? Das Wort "Huquq-Allah" besteht aus zwei Wörtern. "Huquq" und "Allah" genauso ist es mit dem Wort "Huquq-ul-Ibaad", "Huquq" und "Ibaad". Liebe Nasirat! Über Allah und Seine Eigenschaften haben wir euch schon einiges erzählt. Jetzt kommen wir zum Wort "Haquq", welches die Pluralform von "Haq" (Recht) ist. **Was ist nun "Haq" (Recht)?** Liebe Nasirat! Wenn wir uns das im Allgemeinen betrachten, ist "Haq" (Recht) etwas Gutes für die Menschen und dient als	**حقوق اللہ اور حقوق العباد کے کیا معنی ہیں؟** لفظ حقوق اللہ دو الفاظ سے بنا ہے: "حقوق" اور "اللہ"۔ اسی طرح لفظ حقوق العباد بھی دو الفاظ سے بنا ہے: "حقوق" اور "عباد"۔ پیاری ناصرات! اللہ اور اُس کی صفات کے بارے میں تو ہم آپکو کچھ باتیں بتا چکے ہیں۔ اب ہم لفظ "حقوق" کی طرف چلتے ہیں۔ یہ لفظ "حق" کی جمع ہے۔ **لیکن حق ہوتا کیا ہے؟** پیاری ناصرات! اگر ہم جنرل بات کریں تو ایک حق ایک انسان کی بھلائی اور حفاظت کے لئے ہوتا ہے اور لوگوں کا آپس کا رہنا سہنا آسان کرتا ہے۔ اگر ایک انسان کسی چیز کا حق رکھتا ہے تو اِس کا

مطلب ہے کہ وہ کسی سے یہ چیز مانگ سکتا ہے۔ مثلاً ہر بچے کا تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے تو ہر بچہ یہ کہنے کا حقدار ہے کہ "میں اسکول جانا چاہتا ہوں"۔ یا ہمارے ہمسائے ہیں۔ اُن کا حق ہے کہ وہ سکون سے رہ سکیں۔ چنانچہ وہ یہ کہنے کے حقدار ہیں کہ "ہمیں تکلیف نہ دو، یا شور سے تنگ نہ کرو۔" لیکن اسلام میں حقوق کا اصل مقصد اپنے حقوق مانگنے کا نہیں ہے۔ بلکہ دوسروں کے حقوق ادا کرنا اور اِن کی حفاظت کرنا ہے! اِس کا مطلب یہ ہؤا کہ دوسروں کے حقوق کی ادائیگی ہمارا فرض یا ذمہ داری ہے۔ کیونکہ اگر ہر انسان دوسرے کا خیال رکھے گا اور اسکے حقوق ادا کرے گا تو اِس سے خود بخود ایک اچھا معاشرہ قائم ہو گا اور کسی انسان کو بھی خود سے اپنے حقوق مانگنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اسی وجہ سے ہمیں ہر انسان کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہئیے اور اِس چیز کا خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ اچھے حالات میں ہو۔ اگر ہم مثلاً یہ دیکھتے ہیں کہ کسی کو تکلیف پہنچائی جا رہی ہے یا اُس سے ناانصافی کی جا رہی ہے تو ہمیں اس انسان پر رحم کر کے اُس کی مدد اور حفاظت کرنی چاہئیے۔

پیاری بچیو! ہم میں سے ہر انسان کے کچھ حقوق ہیں خواہ وہ آسٹریلیا، افریقہ، پاکستان، امریکہ یا جرمنی سے تعلق رکھتا ہو۔ دنیا میں تمام انسانوں کے حقوق ہیں اور ہر انسان کے ساتھ جو تعلق یا رشتہ ہے اُس حساب سے مختلف حقوق ہیں۔ آج کل ہم انسانی حقوق کے بارے میں سنتے ہیں، کبھی ٹی وی پر تو کبھی اخبار میں۔ شاید آپ نے اپنے اسکول میں بھی کبھی اِس موضوع پر بات کی ہو۔ یہ انسانی حقوق جن کی اکثر میڈیا میں بات کی جاتی ہے یہ تو دوسری عالمی جنگ کے بعد اقوام متحدہ (United Nations) نے دنیا کے تمام انسانوں کے لئے تحریراً قائم کیئے۔ لیکن پیاری ناصرات! آپ یہ سن کر حیران ہوں گی کہ اسلام میں تو آج سے 1500 سال قبل ہی یہ تمام حقوق تھے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرما دیا تھا کہ وہ انسان جن کے ساتھ ہم رہتے ہیں اُن کے کچھ حقوق ہیں جو ادا کرنے

Hilfe und erleichtert das friedliche Miteinander. Wenn jemand das Recht auf etwas hat, hat er den Anspruch auf die Sache z.B. hat jedes Kind das Recht auf Bildung und kann sagen, "dass ich zur Schule gehen möchte". Ein anderes Beispiel wären die Nachbarn. Sie haben das Recht auf eine ruhige Umgebung und zu sagen, dass sie keinen Lärm möchten.

Im Islam heißt Recht nicht, dass wir unsere Rechte verlangen, sondern eigentlich wurden wir verpflichtet, die Rechte unserer Mitmenschen zu erfüllen und zu schützen. Dies bedeutet, dass es unsere Verantwortung oder Pflicht ist, die Rechte der anderen zu erfüllen. Denn wenn jeder Mensch sich um den anderen kümmert und seine Rechte erfüllt, wird automatisch eine friedliche Gesellschaft entstehen und niemand wird nach seinen Rechten verlangen müssen. Deshalb sollten wir jeden Menschen gut behandeln und darauf achten, dass er in guten Umständen lebt. Sollten wir z.B. sehen, dass jemandem Schmerzen oder Kummer zugefügt wird oder ihm Unrecht getan wird, dann sollten wir mit jenem Menschen Mitgefühl haben und ihm helfen und ihn beschützen.

Liebe Nasirat!

Jeder Mensch hat Rechte ganz unabhängig seiner Herkunft. Je nach Verwandtschaftsgrad variieren die einzelnen Rechte. Heutzutage hören wir viel über Menschenrechte, entweder im Fernsehen oder lesen in der Zeitung darüber. Vielleicht habt ihr sogar in der Schule über dieses Thema gesprochen. Diese Menschenrechte, worüber in den Medien meist gesprochen wird, die wurden nach dem Zweiten Weltkrieg von den Vereinten Nationen für alle Menschen schriftlich festgelegt. Aber liebe Nasirat! Ihr werdet erstaunt sein zu erfahren, dass aber im Islam schon vor ca. 1500 Jahren all diese Rechte eingeführt wurden. Und Allah

Ta'ala sagte im Heiligen Quran, dass die Menschen, mit denen wir zusammen leben, auch bestimmte Rechte haben, die zu erfüllen wichtig ist. So hat Allah nicht nur dem Menschen Rechte zugestanden, sondern auch geboten, dass man einander die Rechte erfüllt. Und Allah liebt es, wenn wir die Rechte anderer erfüllen.

Liebe Nasirat! Jetzt wisst ihr, was man unter "Haq" (Recht) versteht. Nun erklären wir das Wort "Ibaad", welches die Pluralform von "Abd" ist, was Menschen bedeutet. Wer zählt alles zu „Ibaad"? Unter „Ibaad" versteht man alle von Allah erschaffenen Menschen, all die Menschen mit denen wir leben und die mit uns hier auf Erden sind. Also unsere Eltern, Schwestern, Brüder, Lehrer, Klassenkameraden, Nachbarn usw. sogar Menschen, die uns als ihre Feinde betrachten. Die Rechte all dieser Menschen müssen wir erfüllen.

Liebe Kinder!

Nun wisst ihr, dass unter „Huquq-Allah" Allahs Rechte zu verstehen sind, die der Mensch erfüllen muss und unter „Huquq-ul-Ibaad" die Rechte der Mitmenschen, die die Menschen gegenseitig erfüllen müssen.

ضروری ہیں۔ حقوق کے متعلق اسلام کی تعلیم تمام تعلیمات سے اعلیٰ و بہترین ہے۔ جہاں ایک طرف ایک انسان کو حقوق دے دیئے وہیں اِن کو ادا کرنا دوسروں کے لئے ذمہ داری بنا دیا۔ جن حقوق کے بارے میں دنیاوی طاقتیں (مثلاً اقوام متحدہ) باتیں کرتی ہیں اُن میں تو کہیں ذمہ داریوں کی بات نہیں کی جاتی۔ مگر خدا تعالیٰ کو یہ عمل بہت پسند ہے کہ ہم دوسروں کا حق ادا کرنے کا خیال رکھیں اور اِسے اپنا فرض سمجھیں۔

پیاری ناصرات! اب آپ سمجھ گئی ہوں گی کہ حق کیا ہوتا ہے۔ اب ہم آپکو لفظ **"عباد"** کا مطلب سمجھاتے ہیں۔ عباد لفظ "عَبد" کی جمع ہے جس کے معنی ہیں بندہ۔ یعنی "عباد" کا مطلب ہوا بندے یا انسان۔ عباد میں کون کون شامل ہیں؟ عباد میں تمام انسان شامل ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے، تمام وہ لوگ جن کے ساتھ ہم رہتے ہیں اور جو ہمارے ساتھ اِس دنیا پر ہیں۔ یعنی ہمارے والدین، بہن بھائی، استاد، کلاس فیلو، ہمسائے، وغیرہ، یہاں تک کہ وہ انسان بھی جو ہمیں اپنا دشمن سمجھتے ہیں۔ اِن تمام لوگوں کے حقوق ہمیں ادا کرنے چاہئیں۔

پیاری بچیو! اب آپکو پتہ چل گیا ہو گا کہ "حقوق اللہ" سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کے حقوق جو انسانوں نے ادا کرنے ہیں اور "حقوق العباد" کا مطلب ہے بندوں کے حقوق جو ہر ایک انسان نے ایک دوسرے انسان کے ادا کرنے ہوتے ہیں۔

Huquq-Allah:

Jetzt nennen wir euch die Rechte Allahs.

- **Der Glaube an Gott:** Wir sollten im Herzen sicher sein, Das Allah das Wesen ist, dass uns erschaffen hat und Welches allein wir anbeten sollen. Des Weiteren sollte man an all Seine Attribute glauben. Einige Attribute haben wir bereits genannt. Wenn wir also mit ganzem Herzen davon überzeugt sind und an Ihn glauben und dies dann auch mit der Zunge

حقوق اللہ

آئیں اب ہم آپکو بتاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے حقوق کون کون سے ہیں۔ اِس میں سب سے پہلے تو ہے...

- **خدا تعالیٰ پر ایمان لانا:** ہمیں دل میں اِس بات کو سچّا سمجھنا چاہئیے کہ اللہ تعالیٰ ہی وہ ہستی ہے جس کی عبادت کی جائے یعنی وہی ہمارا معبود ہے۔ اِس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی تمام خوبیوں اور صفات پر ایمان لانا ضروری ہے۔ چند صفات کا اوپر ہم ذکر کر

bezeugen, dann erfüllen wir dieses Recht Allahs.

- **Bezeugung der Einheit Gottes:** Wir sollten daran glauben, dass es nur einen Gott gibt. „Tauheed" heißt die Einheit Gottes. Auch im Glaubensbekenntnis (Kalma Tayyaba) wird dies bezeugt und dies stellt die Basis des Glaubens jedes Muslims dar. Wenn wir also bezeugen, dass es nur einen Gott gibt, halten wir uns auch fern von „Shirk" (jemand/etwas Gott gleichstellen). Unsere Taten und Worte sollten dies gleichermaßen bezeugen.. Über die Einheit Gottes und „Shirk" werdet ihr noch im Tarbiyyat Teil einiges erfahren.
- **Die Anbetung Gottes:** In der Anbetung Gottes steht das Namaz an erster Stelle. Wir sollten bemüht sein diese 5 Gebete täglich aufmerksam und unter Einhaltung aller notwendigen Bedingungen zu verrichten, wozu Gott jeden Muslim verpflichtet hat. Hierbei faul und nachlässig zu sein, führt zum Unglauben. Schlafen, Aufstehen, Essen und Trinken, das können auch die Tiere. Durch das Namaz und das Dua kann der Mensch erst Gott erkennen und eine Bindung zu Allah aufbauen. Neben den Pflichtgebeten gibt es auch die Nawafil. Neben den Gebeten gibt es auch das Fasten, das Zakaat (Armensteuer) und Hajj. Allah hat uns mit vielen Segnungen bereichert, also sollten wir auch fasten und von dem Besitz, den Allah uns gegeben hat, einen Teil als Zakaat spenden. Über das Fasten wird im Fiqah-Teil gelehrt werden.
- **Das Gedenken Allahs:** Was ist ZikreIlahi? Das sind zwei Wörter: „Zikr" und „Ilahi". Zikr heißt mit der Zunge aussprechen, etwas sagen. Wie

چکے ہیں۔اِن سب باتوں کا دل سے یقین کر کے ، اِن کو مان کر پھر زبان سے بھی اِن باتوں کا اقرار کیا جائے تو ایک انسان خدا تعالیٰ پر ایمان لانے کا حق ادا کرتا ہے۔

- **خدا تعالیٰ کی توحید کا اقرار:** ہمیں اِس بات پر ایمان لانا چاہئیے کہ اللہ ایک ہے۔خدا تعالیٰ کے ایک ہونے کو کہتے ہیں توحید ۔کلمہ طیبہ میں بھی اِسی کا اقرار کیا جاتا ہے۔یہ ایک مسلمان کے ایمان کی بنیاد ہے۔جب ایک انسان خدا تعالیٰ کی توحید کا اقرار کرتا ہے تو ساتھ ہی شرک کا انکار کرتا ہے۔توحید پر قول اور فعل سے عمل ہونا ضروری ہے۔توحید اور شرک کے متعلق ہم تربیت کے مضمون میں آپکو مزید معلومات دیں گے۔
- **خدا تعالیٰ کی عبادت:** خدا تعالیٰ کی عبادت میں سب سے اہم نماز ہے۔سب سے پہلے ہمیں روزانہ پانچ نمازیں انکی تمام شرائط کے ساتھ ادا کرنی چاہئیں جو اللہ تعالیٰ نے ہر مسلمان پر فرض کی ہیں۔ اِس سے غفلت کی زندگی تو کفر ہے۔سونا، جاگنا، کھانا پینا تو حیوان بھی کرتے ہیں۔نماز اور دعا سے انسان کو خدا کی پہچان حاصل ہوتی ہے اور خدا سے ایک خاص تعلق استوار ہوتا ہے۔ فرائض کے علاوہ نوافل بھی ہوتے ہیں۔ اِس کے علاوہ روزہ، زکوٰۃ، حج بھی عبادت کی اقسام ہیں۔ خدا تعالیٰ نے ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے تو خدا کے احکامات کو پورا کرتے ہوئے روزے رکھنا، اُس کے دیئے ہوئے مال و دولت میں سے زکوٰۃ ادا کرنا بھی ہمارا فرض ہے۔روزہ کے بارے میں ہم فقہ میں پڑھے گیں۔
- **ذکرِ الٰہی:** ذکرِ الٰہی کیا ہے؟ یہ دو الفاظ ہیں : "ذِکر" اور "الٰہی"۔ذِکر کا مطلب ہے زبان سے یاد کرنا یا بیان کرنا۔اور الٰہی خدا تعالیٰ کو کہتے ہیں۔یعنی ذکر الٰہی کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ہم کس طرح اللہ تعالیٰ کو یاد کر سکتے ہیں؟ اِس کے مختلف طریقے ہیں مثلاً اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا یعنی تعریف کرنا، تسبیح کرنا،

können wir Allahs gedenken? Dafür gibt es verschiedene Möglichkeiten z.B. indem wir Allah lobpreisen und Gebete sprechen, Istighfar machen, Namaz verrichten, den Heiligen Quran rezitieren und Allah stets danken. Das alles zählt zum Gedenken Allahs.

- **Die Liebe zu Allah:** Wir sollten Allah am meisten lieben und Allah sollte den höchsten Rang in unserem Leben haben. Wenn der Mensch jemanden liebt, versucht er all das zu machen, was dem anderen gefällt und ist bemüht, die Liebe des anderen zu erlangen und ihn nicht zu verärgern. So eine Liebe sollten wir auch zu Allah pflegen. Wenn wir Ihn lieben, dann halten wir uns an Seine Gebote, damit Er uns auch Seine Liebe spüren lässt. Immer wenn wir über Allahs Eigenschaften nachsinnen und uns an all Seine Segnungen erinnern, dann wird in unserem Herzen Liebe zu Allah entstehen und wachsen.
- **Gehorsamkeit gegenüber Allah:** Gehorsamkeit heißt, das, was einem gesagt wird, zu tun. Und das, was verboten wurde, nicht zu tun. Also durch die Einhaltung der Gebote Allahs leisten wir Gehorsam Ihm gegenüber, und diese Einhaltung ist die eigentliche Anbetung Gottes. All die Gebote Allahs sind im Heiligen Quran zu finden. Wenn wir aus reinem Herzen Allah lieben, werden wir uns automatisch an Seine Gebote halten.
- **Dankbarkeit gegenüber Allah:** Im Namaz finden wir die Möglichkeit Allah um etwas zu bitten. Nach dem Erfüllen eines Gebetes entwickelt sich die Dankbarkeit gegenüber Allah. Sich bei Allah zu bedanken, ist auch eine Pflicht jeden Muslims. Wir können an die in Erfüllung gegangenen

دعائیں پڑھنا، استغفار کرنا، نماز پڑھنا، قرآن مجید یعنی اللہ تعالیٰ کے کلام کی تلاوت کرنا، خدا کا شکر کرنا۔ یہ سب ذکرِ الٰہی میں شامل ہیں۔

- **اللہ تعالیٰ سے محبت:** ہمیں سب سے زیادہ محبت خدا تعالیٰ سے ہونی چاہئیے۔ ہماری زندگی میں سب سے اُنچا درجہ خدا کا ہونا چاہئیے۔ ہمارا ہر کام خدا کی رضا حاصل کرنے کے لئے ہونا چاہئیے۔ جب انسان کسی سے محبت کرتا ہے تو کوشش کرتا ہے کہ وہی کام کرے جو اس شخص کو پسند ہوں اور ان چیزوں سے دور رہے جو اُس کو ناپسند ہوں۔ ایسا انسان پوری کوشش کرتا ہے کہ اُس کے پیار کو بھی حاصل کر سکے اور اس کو ناراض نہ کرے۔ ایسی محبت ہی خدا کے ساتھ بھی ہونی چاہئیے۔ جب ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں تو ہم اسکے حکم مانتے ہیں تا کہ وہ بھی ہم سے پیار کا سلوک کرے۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کی خوبیوں اور صفات کو مد نظر رکھیں اور اُس کے احسانات کو یاد کریں جو اُس نے ہم پر کئے ہیں تو ہمارے دل میں خدا تعالیٰ کے لئے محبت پیدا ہو گی۔
- **خدا تعالیٰ کی اطاعت:** اطاعت کا مطلب ہے کہ جو کام کرنے کو کہا جائے اُس کو کرنا۔ اور جس کام سے منع کیا جائے اُس کو نہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی اطاعت یعنی اللہ تعالیٰ کے تمام احکام مان کر اور اِن پر عمل کر کے ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ کے تمام احکامات پر عمل کرنا ہی اصل میں عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے تمام احکام ہمیں قرآن مجید میں ملتے ہیں۔ جب ہم خدا تعالیٰ سے سچی محبت کریں گے تو ہمارا دل خود بخود اللہ تعالیٰ کے احکام کو ماننے کی طرف مائل ہو جائے گا۔
- **خدا تعالیٰ کی شکر گزاری:** نماز میں ہمیں خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگنے کا موقع ملتا ہے۔ دعاؤں کی قبولیت سے انسان کے اندر شکر گزاری پیدا ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا بھی

مومن پہ فرض ہے۔ہم میں سے ہر کوئی اپنی زندگی میں قبولیت دعا کے کسی واقعہ کو یاد کر کے اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کی مہربانیوں پہ اس کا شکر ادا کر سکتا ہے۔خدا تعالیٰ کا شکر اِس رنگ میں بھی ادا کیا جاسکتا ہے کہ اُس کے نام کو دنیا میں روشن کیا جائے یعنی تبلیغ کے ذریعے۔اِس کے متعلق ہم تبلیغ والے مضمون میں پڑھیں گے۔

- **خدا تعالیٰ پر توکل:** اِس کا مطلب ہے خدا تعالیٰ پر بھروسا کرنا اور اپنی تدابیر کے نتیجے کو خدا کے حوالے کر دینا۔بعض دفعہ انسان کی زندگی میں مشکل وقت بھی آتا ہے یا بعض دفعہ انسان کی دعا اُس رنگ میں قبول نہیں ہوتی جس طرح انسان نے مانگی ہوتی ہے۔زندگی کے ایسے موڑ پر بھی خدا تعالیٰ کے ساتھ چمٹے رہنا، اپنے کام خدا پر چھوڑ دینا اور خدا کے فیصلہ پر توکل رکھنا کہ وہ جو بھی کرے گا انسان کی بھلائی کے لئے کرے گا توکل کرنا کہلاتا ہے۔جب انسان خدا پر توکل کرتا ہے تو اپنی زندگی کے ہر کام اور ہر اہم فیصلے سے پہلے خدا سے دعا مانگ کر اُس کی راہنمائی طلب کرتا ہے۔

اِن سب کاموں سے ہمیں خدا کی رضا حاصل ہوتی ہے۔انسان تو محتاج ہے کہ وہ ہر وقت خدا کی رضا طلب کرے کیونکہ جب تک خدا کی رضا حاصل نہ ہو انسان کی کوئی حقیقت نہیں۔خدا کی ذات میں جو خوبیاں ہیں وہ لامحدود ہیں۔جبکہ انسان میں جو خوبیاں، جو علم اور جو طاقتیں ہیں وہ خدا تعالیٰ کی ہی عطا کردہ ہیں۔لہٰذا خدا تعالیٰ پر ایمان لانا ،اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا، اُس اس کی محبت اور اُس کی رضا حاصل کرنا ہی ہماری زندگی کا اصل مقصد ہے۔اور یہی اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں۔یہ ادا کرنے ضروری ہیں تاکہ ہم اپنے زندگی کے مقصد میں کامیاب ہو سکیں۔ آئیں اب ہم آپکو حقوق العباد کے متعلق بتاتے ہیں۔

حقوق العباد

Gebete zurückdenken und Allah stets dafür danken. Ein anderer Weg, um Allah Dankbarkeit zu erweisen ist, das Wissen über Sein Wesen/Seine Existenz zu verbreiten. Darüber erfahrt ihr mehr im Tabligh-Teil.

- **TawakkulAllah (Gottvertrauen):** TawakkulAllah bedeutet vollkommenes Vertrauen in Allah zu haben. Manchmal durchläuft der Mensch auch schwierige Zeiten oder manchmal gehen die Gebete nicht so in Erfüllung, wie man sich das selber vorstellt. Auch in solchen Situationen standfest Allah zu vertrauen und das eigene Schicksal in Seine Hände zu geben, ist eine Form der festen Überzeugung von Ihm. Vor jeder großen Entscheidung sollten wir erst einmal zu Allah beten und dann auch auf Ihn vertrauen.

Bei der Erfüllung der o.g. Aufgaben werden wir Allahs Liebe und Wohlgefallen erreichen. Der Mensch ist darauf angewiesen, sich jeden Tag um die Erlangung des Wohlgefallen Allahs zu bemühen, denn ohne dieses hat das Leben keinen Sinn. Allah hat unzählige Eigenschaften, wohingegen all die Eigenschaften und Fähigkeiten, die der Mensch hat, er auch von Allah erhalten hat. Der Sinn unseres Lebens ist es, Allah zu erkennen, an Ihn zu glauben, Ihm nichts gleichzusetzen und zu versuchen Seine Liebe zu erlangen. Und das sind die Rechte Allahs und diese müssen wir erfüllen, damit wir im Leben erfolgreich sind. Nun gehen wir über zu den Rechten der Menschen.

Rechte der Mitmenschen:

Die Rechte der Mitmenschen sind Rechte, die jeder Mensch für andere Menschen erfüllen muss. In einer Gesellschaft lebend ist der Mensch neben der Hilfe von Allah, auch auf Hilfe seiner Mitmenschen angewiesen. Daher haben wir auch den Mitmenschen gegenüber bestimmte Pflichten und Verantwortungen, die zu erfüllen wichtig ist	حقوق العباد سے مراد وہ حقوق ہیں جو ایک انسان کے دوسرے انسان پر کسی نہ کسی تعلق کی بناء پر عائد کئے گئے ہیں ۔انسان کو اس معاشرے میں زندگی گذارنے کے لئے خدا تعالیٰ کے علاوہ دوسرے لوگوں کی مدد کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ لہٰذا دوسری طرف یعنی انسانوں کے لئے بھی ہماری بھی کچھ ذمہ داریاں یا فرائض ہوتے ہیں۔ جن کی ادائیگی ضروری ہے۔
Im Grunde genommen ist es so, dass ein Mensch die Rechte Allahs solange nicht erfüllen kann, solange er nicht die Rechte der Mitmenschen erfüllt. Um Allahs Liebe zu erlangen, ist es wichtig, dass wir uns um Seine Geschöpfe kümmern. An erster Stelle sind die Rechte der Eltern. Eltern kümmern sich um ihre Kinder, ermöglichen ihnen Bildung zu erlangen und achten sehr auf ihre Erziehung. Sie versuchen alles und nehmen Anstrengungen auf sich, um ihren Kindern ein schönes Leben zu bereiten. Deshalb ist es auch die Pflicht der Kinder sich dann um die eigenen Eltern zu kümmern. Der gute Umgang mit den Eltern kann die Kinder in diesem Leben zum Erfolg führen und nach dem Tod ins Paradies führen. Auch im Quran wurde mehrmals darauf hingewiesen, die Eltern gütig zu behandeln	اصل بات یہ ہے کہ کوئی انسان اللہ تعالیٰ کا حق اس وقت تک ادا نہیں کر سکتا جب تک اس کے بندوں کے حقوق ادا نہ کرے۔ کیونکہ سب مخلوق اللہ تعالیٰ کا خاندان ہے۔ خدا تک پہنچنے کا راستہ خدا کے بندوں کی خدمت اور اُن کے حقوق کی ادائیگی سے ہی ہو کر گذرتا ہے۔ سب سے اوّل ماں باپ کے حقوق ہیں۔ والدین اپنے بچوں کی پرورش کرتے ہیں، اچھی تعلیم و تربیت کرتے ہیں، اُنہیں دُنیا میں اعلیٰ مقام دلوانے کے لئے اور اُن کی تمام ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنی تمام زندگی جدوجہد میں گذارتے ہیں لہٰذا بچوں کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آئیں اور اُن کی خدمت کریں۔ والدین کی خدمت کا راستہ اُنہیں دُنیا میں بھی کامیابیاں دلا سکتا ہے اور آخرت میں اُن کے لئے جنت کا دروازہ کھول سکتا ہے۔ قرآنِ کریم میں بھی بار بار والدین کے ساتھ احسان کرنے کی تعلیم دی گئی ہے۔
Sich um jedes Mitglied der Familie, Nachbarn zu kümmern, ihnen gegenüber respektvoll zu bleiben, respektvoll gegenüber Älteren und Lehrern zu sein, mit Kindern liebevoll umzugehen, den Armen zu helfen und die Kranken zu besuchen, sind alles Rechte der Mitmenschen. Es ist die Pflicht eines jeden Muslims, barmherzig gegenüber seinen Mitmenschen zu sein. Diejenigen, die die Rechte ihrer Mitmenschen nicht erfüllen, deren Gebete und Gottesdienste sind vor Allah nutzlos. Er erfüllt somit in gewisser Weise auch nicht	گھر کے ہر فرد، رشتہ داروں، ہمسائیوں کا خیال رکھنا اُن کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آنا، بزرگوں اور بڑوں کا ادب کرنا، سکول میں اُستادوں کی عزت کرنا، اپنے سے چھوٹوں کے ساتھ محبت اور پیار کا سلوک کرنا، غریبوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا۔ مریضوں کی عیادت کرنا۔ یہ سب حقوق العباد کی ذیل میں آتے ہیں۔ خدا کے بندوں سے رحم اور ہمدردی کا سلوک کرنا اور اُن کی بھلائی کے لئے کوشش کرنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ جو لوگ دوسروں کے حقوق کی ادائیگی نہیں کرتے خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے لوگوں

die Rechte Allahs und stellt sich somit gegen Allahs Gebote. Allah hat uns nämlich verpflichtet, die Rechte zu erfüllen. Am Tage des jüngsten Gerichts wird Er vielleicht darüber hinwegschauen, dass Seine Rechte nicht erfüllt wurden. Aber wenn es dann um die Rechte Seiner Geschöpfe geht, wird man Ihm Rede und Antwort stehen müssen.	کی نمازیں اور دیگر عبادات بھی بے فائدہ ہیں۔یعنی خدا کے بندوں کے حقوق ادا نہ کرنے والا ایک طرح سے خدا کے حقوق کی بھی ادائیگی بھی پورے طور سے نہیں کرتا کیونکہ اُس کے بندوں کے حقوق کی ادائیگی نہ کرکے وہ خدا کے احکامات کی نافرمانی کررہا ہوتا ہے۔کیونکہ خدا نے ہی اپنے بندوں کے حقوق فرض کئے ہیں۔ قیامت کے روز اگر خدا چاہے تو اپنے حقوق میں تو کچھ چھوٹ دیدے لیکن حقوق العباد ادا نہ کرنے والوں سے سوال کرے گا۔
Die Rechte Allahs und die Rechte der Mitmenschen zu erfüllen, ist die schöne Lehre des Islam. Durch die Erfüllung können wir nicht nur die Basis für eine friedliche und glückliche Gesellschaft schaffen, sondern sowohl in unser diesseitiges Leben als auch im Leben nach dem Tod Erfolg erlangen. Möge Allah uns dies ermöglichen. Amin.	حقوق اللہ اور حقوق العباد کی یہ تعلیم اسلام کی خوبصورت تعلیم ہے۔یقیناً اس تعلیم کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنا کر نہ صرف یہ ایک پُر امن اور خوشحال معاشرے کی بنیاد رکھ سکتے ہیں بلکہ ہم اپنی دُنیاوی اور اُخروی دونوں زندگیوں کو کامیاب بنا سکتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔۔ آمین

Inhaltsverzeichnis فہرست

Unterrichtsfach	صفحہ نمبر Seite	فہرست
Hifz-e-Quran	13	حفظِ قرآن
Tarjumah-tul-Quran	15	ترجمۃ القرآن
Hadith-e-Nabawi^{SAW}	19	حدیث نبوی ﷺ
Hifz-e-Dua	24	حفظِ اَدعیہ
Fiqah	25	فقہ
Tarikh-e-Islam	35	تاریخ اسلام
Tarikh-e-Ahmadiyyat	40	تاریخ احمدیت
Tabligh	50	تبلیغ
Talqeen-e-Aml	55	تلقین عمل

Anmerkungen:

- Am ersten Tag soll gemeinsam ein Brief an Huzur-e-Aqdas^{ABA} geschrieben werden.
- Der grau hinterlegte Text ist nicht prüfungsrelevant.

﴿حفظِ قرآن - Hifz-e-Quran﴾

سُوْرَةُ النِّسَآءِ۔ آیت نمبر 37

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ
الْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ﴿۳۷﴾

میں پناہ مانگتی ہوں اللہ کی راندھے ہوئے شیطان سے۔

اور اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور والدین کے ساتھ احسان کرو اور قریبی رشتہ داروں سے بھی اور یتیموں سے بھی اور مسکین لوگوں سے بھی اور رشتہ دار ہمسایوں سے بھی اور غیر رشتہ دار ہمسایوں سے بھی۔ اور اپنے ہم جلیسوں سے بھی اور مسافروں سے بھی اور ان سے بھی جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے۔ یقیناً اللہ اس کو پسند نہیں کرتا جو متکبر (اور) شیخی بگھارنے والا ہو۔[1]

Ich suche Zuflucht bei Allah vor Satan, dem Verworfenen.

Verehrt Allah und setzet Ihm nichts zur Seite, und (erweiset) Güte den Eltern, den Verwandten, den Waisen und den Bedürftigen, dem Nachbarn, der ein Anverwandter, und dem Nachbarn, der ein Fremder ist, dem Gefährten an eurer Seite und dem Wanderer und denen, die eure Rechte besitzt. Wahrlich, Allah liebt nicht die Stolzen, die Prahler;

[1] ترجمہ بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ

Aufgaben:

für Nasirat

1 Im Vers 37 der Surah Al-Nisa ist von Huquq-Allah (Rechte Allahs) und Huquq-ul-Ibaad (Rechte der Mitmenschen) die Rede. Unterstreiche in der Übersetzung die Huquq- Allah grün und die Huquq-ul-Ibaad blau.

سورۃ النساء کی آیت نمبر 37 میں حقوق اللہ اور حقوق العباد کا ذکر ہے۔ ترجمے میں حقوق اللہ کے نیچے سبز رنگ کی لائن لگائیں اور حقوق العباد کے نیچے نیلے رنگ کی لائن۔

2 In welcher Reihenfolge sind die Rechte Allahs und die Rechte der Mitmenschen in diesem Vers erwähnt? Macht euch gemeinsam Gedanken darüber, warum diese Reihenfolge festgelegt wurde.

اِس آیت میں کس ترتیب سے حقوق اللہ اور حقوق العباد کا ذکر آتا ہے؟ مل کر سوچیں کہ یہ ترتیب کیوں رکھی گئی ہے۔

3 a) In der islamischen Fachsprache gibt es ein Fachwort für die Gleichsetzung Allahs mit anderen Wesen. Wie heißt dieser Begriff (er beginnt mit einem ,,S'')? Wie nennt man das Gegenteil von diesem Begriff (die Einheit Allahs) in der Fachsprache?

اِصطلاح میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے کے لئے کونسا لفظ استعمال کیا جاتا ہے؟ اِس لفظ کی ضد کیا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی وحدت)؟

S ___ ___ ___ ___ ↔ T ___ ___ ___ ___ ___ ___

___ ___ ش ↔ ___ ___ ___ ___ ت

für die Lehrperson

Methoden und Ideen:

- Einübung: Sprechen Sie den Vers in kleine Stücke und weisen Sie die Nasirat dabei auf Besonderheiten in der Aussprache hin. Fordern Sie schließlich Nasirat auf, Ihnen nachzusprechen. Der nachzusprechende Anteil des Verses wird immer vergrößert.
- Geben Sie der Nasirat verschiedene Tipps zum Auswendiglernen, z.B.:
  - Mehrmaliges Anhören des Verses, z.B. auf alislam.org
  - Rezitieren des Verses im Namaz

  Dabei können Sie auch auf verschiedene Lerntypen eingehen:
  - Auditiver Lerntyp: Lernen durch Hören, laut Vorsprechen, Vorlesen
  - Visueller Lerntyp: Lernen durch Sehen, Aufschreiben, Markieren
  - Kommunikativer Lerntyp: Lernen in der Gruppe durch Gespräche, Austausch, Abhören

﴾ترجمۃ القرآن – Wort-zu-Wort Übersetzung﴿

سُوْرَةُ النِّسَآءِ۔ آیت نمبر 37 Surah Al-Nisa, Vers 37

Deutsch جرمن	Roman رومن	Urdu اردو	Arabisch عربی
und		اور	وَ
betet		تم عبادت کرو	اعْبُدُوا
zu Allah		اللہ کی	اللّٰهَ
und		اور	وَ
nicht		نہ	لَا
setzet Ihr zur Seite		تم شریک ٹھہراؤ	تُشْرِكُوْا
mit Ihm		ساتھ اس کے	بِهٖ
irgendetwas		کسی چیز کو	شَيْـًٔا
und		اور	وَّ
mit		ساتھ	بِ
den Eltern		ماں باپ کے	الْوَالِدَيْنِ
(erweiset) Güte		احسان (کرو)	اِحْسَانًا
und		اور	وَّ
mit		ساتھ	بِ
Verwandten		رشتہ داروں (کے)	ذِي الْقُرْبٰى
und den Waisen		اور یتیموں (کے)	وَالْيَتٰمٰى
und den Bedürftigen		اور مسکینوں (کے)	وَالْمَسٰكِيْنِ

und dem Nachbar		اور ہمسایہ	وَالْجَارِ
Verwandten		رشتہ دار (کے)	ذِی الْقُرْبٰی
und dem Nachbar,		اور ہمسایہ	وَالْجَارِ
der ein Fremder ist		اجنبی (کے)	الْجُنُبِ
und dem Gefährten an eurer Seite		اور پہلو والے (کے)	وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ
Und dem Wanderer		اور مسافروں (کے)	وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ
und		اور (ساتھ ان کے)	وَ
(mit deinen) deren Besitzer wurden		کہ مالک ہوئے	مَا مَلَكَتْ
eure rechte Hände		داہنے ہاتھ تمہارے	اَيْمَانُكُمْ ؕ
Wahrlich		یقیناً	اِنَّ
Allah		اللہ	اللّٰهَ
nicht		نہیں	لَا
liebt		پسند کرتا	يُحِبُّ
Diejenigen,		(اس کو) جو	مَنْ
(die) sind		ہو	كَانَ
die Stolzen		تکبر کرنے والا	مُخْتَالًا
die Prahler		فخر کرنے والا	فَخُوْرَا ۙ﴿۳۶﴾

für Nasirat

Aufgabe:

1 Wie lautet die Übersetzung? Kreuze die richtige Antwort an!

مشق: اِن الفاظ کا ترجمہ کیا ہے؟ درست جواب پر نشان لگائیں۔

1. وَالْيَتٰمٰى

- ☐ Verwandten / (کے) رشتہ داروں
- ☐ und den Bedürftigen / اور مسکینوں (کے)
- ☐ und den Waisen / اور یتیموں (کے)

2. اعْبُدُوا

- ☐ setze du zur Seite / تم شریک ٹھہراؤ
- ☐ betet / تم عبادت کرو
- ☐ (erweiset) Güte / احسان (کرو)

3. بِ

- ☐ mit/ ساتھ
- ☐ und/ اور
- ☐ Wahrlich / یقیناً

4. liebt / پسند کرتا

- ☐ مَامَلَكَتْ
- ☐ كَانَ
- ☐ يُحِبُّ

5. Und dem Wanderer / اور مسافروں (کے)

- ☐ وَابْنِ السَّبِيْلِ
- ☐ اَيْمَانُكُمْ
- ☐ شَيْئًا

für die Lehrperson

Methoden und Ideen:

- Einführung + Einübung der Wort-zu-Wort Übersetzung: die Wörter werden aufgeteilt und anhand einer Präsentation immer jeweils 7-10 Wörter eingeführt. Die Nasirat sprechen nach, dabei wird auf die korrekte Aussprache geachtet; anschließend wird ihnen die deutsche Übersetzung genannt. Gemeinsam überlegt man sich für die einzelnen Wörter "Eselsbrücken" - wie man sich diese Wörter am besten einprägen und merken kann. Danach bekommen die Nasirat etwa 10 Minuten Zeit sich diese Wörter einzuprägen.

  Zur Überprüfung (und Motivation) wird dann ein Quiz mit je 3 Antwortmöglichkeiten durchgeführt. Die Nasirat sollen sich bei der Antwort, die sie für richtig erachten, melden. Dies wird mit allen Wörtern nacheinander so durchgeführt; zum Schluss kann der gesamte Vers mit der Übersetzung im Ganzen noch einmal gelesen werden.

- Am nächsten Tag wird dazu ein deutlich schwereres Quiz durchgeführt; den Nasirat werden keine Antwortmöglichkeiten gegeben, sondern sie liefern sie selbst. Zur Einübung für zwischendurch können sich immer zwei Nasirat zusammensetzen und sich gegenseitig abfragen.

Hadith-e-Nabawi^{SAW} – حدیث نبوی ﷺ

Was ist ein Hadith und was ist dessen Stellenwert und Wichtigkeit?

Liebe Nasirat, im Islam gibt es **drei Dinge**, die einen Muslim rechtleiten und ihm den richtigen Weg zeigen. Es ist die Pflicht eines Muslims diese drei Dinge zu verstehen und zu befolgen.

1. **Der Heilige Quran**: Der Heilige Quran ist das Wort/Buch Gottes, das frei von jeglichen Zweifeln ist. In diesem ist alles erwähnt, was für den Menschen wichtig ist.
2. **Sunnah**: Alle Handlungen des Heiligen Propheten^{SAW} nennt man Sunnah. Allah hat den Heiligen Propheten^{SAW} als Barmherzigkeit für alle Welten geschickt. Daher entsprachen die Sunnah und das Verhalten des Heiligen Propheten^{SAW} genau dem Heiligen Quran.
3. **Hadith**: Liebe Kinder, wie ihr sicherlich wisst, wird das, was der Heilige Prophet^{SAW} gesagt hat, Hadith genannt. Der Heilige Prophet^{SAW} hat in einer sehr schönen Art und Weise über jegliche Situationen des Lebens gesprochen.

Liebe Nasirat, den höchsten und ersten Rang hat der Heilige Quran. Den zweiten Rang hat die Sunnah und den dritten Rang hat das Hadith. Der Heilige Quran ist ein vollkommenes Buch und die Lehren des Islam werden durch den Heiligen Quran vervollständigt.

Wenn ein Mensch auch nur dessen Lehre kennt und diese befolgt, kann der Mensch das Wohl beider Welten erlangen. So sind die Hadith für den Heiligen Quran, wie Zeugen und erweitern das Licht und die Schönheit der Lehren des Heiligen Qurans.

حدیث کیا ہے اور اِس کی کیا اہمیت ہے؟

پیاری ناصرات !مذہبِ اسلام میں **تین چیزیں** ہیں جو ایک مسلمان کی رہنمائی کرتی ہیں اور اسے سیدھا راستہ دکھاتی ہیں۔اِن تین چیزوں کو سمجھنا اور اِن پر عمل کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔

پہلی: **قرآن مجید**۔ قرآن مجید خدا کا کلام ہے جو ہر قسم کے شک سے پاک ہے۔اِس میں انسان کی ساری ضرورتوں کا بیان ہے۔

دوسری: **سنّت**۔ آنحضرت محمد ﷺ کے کام سنّت کہلاتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ساری دنیا کے لئے رحمت بنا کر بھیجا۔چنانچہ آپ ﷺ کی سنّت اور اخلاق بھی قرآن کریم کے عین مطابق تھے۔

تیسرا ذریعہ ہے **حدیث**۔پیاری بچیو! آپکو پتہ ہی ہو گا کہ جو باتیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ نے فرمائیں وہ حدیث کہلاتی ہیں۔آپ ﷺ نے زندگی کے ہر پہلو کے متعلق بہت ہی خوبصورت انداز میں باتیں بیان کیں ہیں۔

پیاری ناصرات !سب سے اُونچا اور اوّل درجہ قرآن مجید کا ہے۔ دوسرا درجہ سنّت کا ہے۔تیسرا درجہ حدیث کا ہے۔قرآن کریم ایک کامل کتاب ہے اور اسلام کی تعلیم اِس کے ذریعے ہی مکمل ہو جاتی ہے۔اگر انسان صرف اِس کی تعلیم ہی جان لے اور اِس کے حکموں پر ہی چل لے تو دونوں جہانوں کے آرام پا سکتا ہے۔لیکن احادیث قرآن کریم کے لئے گواہ کی طرح کھڑی ہوتی ہیں اور قرآنی تعلیم کے نُور اور خوبصورتی کو بڑھا دیتی ہیں۔

Wie wurden diese Hadith an uns überliefert?

Die Sahaba haben all jenem, was der Heilige Prophet^{SAW} sagte, gut zugehört und dieses in Form von Geschichten ihren Mitmenschen weiter erzählt. „Zum Beispiel: Hazrat Abu

احادیث کس طرح ہم تک پہنچیں؟

آنحضرت ﷺ کی باتیں صحابہؓ غور سے سنتے اور دوسرے ساتھیوں کو قصّوں کے رنگ میں زبانی سنایا کرتے تھے۔"مثلاً

Huraira setzte sich immer in der Moschee neben die Tür des Heiligen Propheten[SAW]. Sobald der Heilige Prophet[SAW] herauskam, gesellte er sich zu ihm und hörte ihm aufmerksam zu. So hat Hazrat Abu Huraira[RA] die meisten Hadithe überliefert."[1] Als die Sahaba verstarben, gab Allah den Gelehrten den Gedanken ein, dass sie die Hadith alle aufschreiben und sammeln, sodass diese für die kommenden Generationen aufbewahrt werden. So wurden diese durch die Überlieferer gesammelt. „Hazrat Imam Malik[rh] begann diese in einer Reihenfolge in Form eines Buches zu sammeln. Danach haben Hazrat Imam Bukhari[rh] Imam Muslim[rh], Imam Tirmizi[rh], Imam Ibne Madjah[rh], Imam Abu Daud[rh], Imam Nisai[rh] die Hadith mit viel Liebe und Mühe gesammelt. Diese sechs Bücher werden als „Sihaah Sittah" bezeichnet.

Um ein erfolgreiches religiöses und weltliches Leben zu erlangen, ist es sehr wichtig, die Hadith zu lernen und diese zu befolgen."[1]

Nun lernen wir zwei Hadith, welche zwar sehr kurz sind, aber deren Bedeutungen sehr groß ist.

حضرت ابو ہریرہؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ کے پاس مسجد میں بیٹھے رہتے۔ جونہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم باہر آتے وہ آپ ﷺ کے ساتھ ہو لیتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں سنتے۔ اس طرح آپ ﷺ کی سب سے زیادہ حدیثیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمائی ہیں۔"[1] جب صحابہ کرامؓ کا دور گزر گیا اور یہ وفات پا گئے تو بعض تبع تابعین کے ذہنوں میں اللہ تعالیٰ نے یہ خیال ڈالا کہ حدیثوں کو لکھ کر جمع کر لینا چاہئیے تا کہ یہ آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ ہو جائیں۔ چنانچہ یہ راویوں کے ذریعہ جمع کی گئیں۔ "اِن حدیثوں کو ترتیب دے کر کتب میں جمع کرنے کی ابتداء حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی۔ پھر حضرت امام بخاریؒ، امام مسلمؒ، امام ترمذیؒ، امام ابنِ ماجہؒ، امام ابو داؤدؒ اور امام نسائیؒ نے بڑی محبت اور محنت سے احادیث جمع کیں۔ یہ چھ کتب ہیں جن کو صِحاح سِتّہ کہا جاتا ہے۔

دین اور دنیا کی زندگی کو کامیاب بنانے کے لئے حدیثوں کا علم حاصل کرنا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔"[1]

آئیں اب ہم دو احادیث پڑھتے ہیں جو چھوٹی چھوٹی ہیں مگر انکے مطالب بڑے بڑے ہیں۔

[1] Wege des Erfolgs -Teil 2, Herausgeber: Majlis Khudam-ul-Ahmadiyya Deutschland

کامیابی کی راہیں۔ حصہ دوئم۔ زیرِ اہتمام: مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی

اَلْكَبَآئِرُ اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ۔

بڑے گناہ یہ ہیں: اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرانا، والدین کی نافرمانی کرنا، ناحق قتل کرنا اور جھوٹی قسم کھانا۔

(حدیقۃ الصالحین، حدیث نمبر 850)

Große Sünden sind folgende: Jemanden Gott gleichstellen, Ungehorsamkeit gegenüber den Eltern, zu Unrecht töten und falschen Schwur leisten.

(Hadiqatus Saleheen, Nr.850)

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

اصل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان سلامتی میں رہیں۔

(صحیح البخاری جلد اوّل، کتاب الایمان)

Ein wahrer Muslim ist jene Person, vor dessen Zunge und Hand die Muslime sicher sind.

(Sahi Bukhari, Band 1, Kitabul-Iman)

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ شَرَفَ كَبِيْرِنَا۔

اس شخص کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں جو چھوٹے پر رحم نہیں کرتا اور بڑے کا شرف نہیں پہچانتا یعنی بڑے کی عزّت نہیں کرتا۔

(ترمذی کتاب البرّ و الصّلۃ باب ماجاء فی رحمۃ الصبیان)

(از حدیقۃ الصالحین حدیث 706 صفحہ 675-676)

Jene Person gehört nicht zu uns, die Jüngeren gegenüber nicht gnädig ist und die Würde der Älteren nicht anerkennt, also Ältere nicht respektiert.

